دشمنی ہے جب تک وہ ایک خدا پر ایمان نہ لائیں۔ مسلمانوں کو تعلیم دی گئی کہ اسوہ ابراہیمی کی پیروی کرتے ہوئے دشمنانِ اسلام سے قطع تعلق کر لو۔

# اَلدَّرسُ السَّابِعُ (ب)

## سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ (آیات ۷ تا ۱۳)

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۞

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَسَى اللّٰهُ | اَنْ | يَّجْعَلَ | بَيْنَكُمْ | وَبَيْنَ |
| عجب نہیں کہ اللہ | کہ | وہ کر دے | تمہارے درمیان | اور درمیان |
| الَّذِيْنَ | عَادَيْتُمْ | مِّنْهُمْ | مَّوَدَّةً | وَاللّٰهُ |
| ان لوگوں کے | تم دشمنی رکھتے ہو | ان سے | دوستی | اور اللہ |
| قَدِيْرٌ | وَاللّٰهُ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | |
| قادر ہے | اور اللہ | خدا بخشنے والا | مہربان ہے | |

عجب نہیں کہ خدا تم میں اور ان لوگوں میں جن سے تم دشمنی رکھتے ہو دوستی پیدا کر دے۔ اور خدا قادر ہے اور خدا بخشنے والا مہربان ہے۔

لَا يَنْهٰكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ
دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْا اِلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۞

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَمۡ یُقَاتِلُوۡکُمۡ | الَّذِیۡنَ | عَنِ | اللّٰہُ | لَا یَنۡہٰکُمُ |
| تم سے نہیں لڑتے | جو لوگ | سے | اللہ | تحقیق منع نہیں کرتا |
| اَنۡ تَبَرُّوۡہُمۡ | دِیَارِکُمۡ | مِّنۡ | وَلَمۡ یُخۡرِجُوۡکُمۡ | فِی الدِّیۡنِ |
| کہ تم دوستی کرو ان سے | تمہارے گھر | سے | اور انہوں نے تم کو نکالا | دین میں |
| الۡمُقۡسِطِیۡنَ | یُحِبُّ | اِنَّ اللّٰہَ | اِلَیۡہِمۡ | وَتُقۡسِطُوۡۤا |
| انصاف کرنے والے | دوست رکھتا ہے | بیشک اللہ | ان سے | اور تم انصاف کرو |

جن لوگوں نے تم سے دین کے بارے میں جنگ نہیں کی اور نہ تم کو تمہارے گھروں سے نکالا ان کے ساتھ بھلائی اور انصاف کا سلوک کرنے سے خدا تم کو منع نہیں کرتا۔ خدا تو انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

اِنَّمَا یَنۡہٰکُمُ اللّٰہُ عَنِ الَّذِیۡنَ قٰتَلُوۡکُمۡ فِی الدِّیۡنِ وَاَخۡرَجُوۡکُمۡ مِّنۡ دِیَارِکُمۡ
وَظٰہَرُوۡا عَلٰۤی اِخۡرَاجِکُمۡ اَنۡ تَوَلَّوۡہُمۡ ۚ وَمَنۡ یَّتَوَلَّہُمۡ فَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ۝۹

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الَّذِیۡنَ | عَنِ | اللّٰہُ | یَنۡہٰکُمُ | اِنَّمَا |
| جو لوگ | سے | اللہ | تمہیں منع کرتا ہے | اس کے سوا نہیں |
| دِیَارِکُمۡ | مِّنۡ | وَاَخۡرَجُوۡکُمۡ | فِی الدِّیۡنِ | قٰتَلُوۡکُمۡ |
| تمہارے گھر | سے | تمہارے نکالنے میں | دین میں | تم سے لڑے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَظٰهَرُوْا | عَلٰۤى اِخْرَاجِكُمْ | اَنْ تَوَلَّوْهُمْ | وَمَنْ | يَّتَوَلَّهُمْ |
| انہوں نے مدد کی | تمہارے نکالنے میں | کہ تم دوستی کرو | اور | ان سے دوستی رکھے گا |
| فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الظّٰلِمُوْنَ | | |
| تو وہی لوگ | وہ | ظالم (جمع) | | |

خدا ان ہی لوگوں کے ساتھ تم کو دوستی کرنے سے منع کرتا ہے جنہوں نے تم سے دین کے بارے میں لڑائی کی اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہارے نکالنے میں اوروں کی مدد کی۔ تو جو لوگ ایسوں سے دوستی کریں گے وہی ظالم ہیں۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ اَللّٰهُ اَعْلَمُ
بِاِيْمَانِهِنَّ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ
وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ وَاٰتُوْهُمْ مَّاۤ اَنْفَقُوْا وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَاۤ
اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْـَٔلُوْا مَاۤ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔلُوْا
مَاۤ اَنْفَقُوْا ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝١٠

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا | اِذَا جَآءَكُمُ | الْمُؤْمِنٰتُ | مُهٰجِرٰتٍ |
| اے | ایمان والو | جب تمہارے پاس آئیں | مومن عورتیں | مہاجر عورتیں |
| فَامْتَحِنُوْهُنَّ | اَللّٰهُ | اَعْلَمُ | بِاِيْمَانِهِنَّ | فَاِنْ |
| تو ان کی آزمائش کر لو | اللہ | خوب جانتا ہے | ان کے ایمان کو | سو اگر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَلِمْتُمُوْهُنَّ | مُؤْمِنٰتٍ | فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ | اِلَى | الْكُفَّارِ |
| تم کو معلوم ہو | مومن عورتیں | تو ان کو واپس نہ بھیجو | طرف | کفار |
| لَا هُنَّ | حِلٌّ | لَّهُمْ | وَلَا هُمْ | يَحِلُّوْنَ |
| وہ عورتیں نہیں | حلال | ان کے لئے | اور نہ وہ مرد | وہ حلال ہیں |
| لَهُنَّ | وَاٰتُوْهُمْ | مَّآ اَنْفَقُوْا | وَلَا جُنَاحَ | عَلَيْكُمْ |
| ان عورتوں کے لئے | اور تم ان کو دے دو | جو کچھ انہوں نے (ان پر) خرچ کیا | اور کچھ گناہ نہیں | تم پر |
| اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ | اِذَآ | اٰتَيْتُمُوْهُنَّ | اُجُوْرَهُنَّ | وَلَا تُمْسِكُوْا |
| کہ تم ان عورتوں سے نکاح کرلو | جب | تم انہیں دے دو | ان کے مہر | اور تم نہ قبضہ رکھو |
| بِعِصَمِ | الْكَوَافِرِ | وَاسْئَلُوْا | مَآ اَنْفَقْتُمْ | وَلْيَسْئَلُوْا |
| ناموس | کافر عورتیں | تم ان سے طلب کرلو | جو تم نے خرچ کیا | چاہیئے کہ وہ طلب کرلیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَآ اَنۡفَقُوۡا | ذٰلِكُمۡ | حُكۡمُ اللّٰهِ | يَحۡكُمُ | بَيۡنَكُمۡ |
| جو انہوں نے خرچ کیا | یہ | خدا کا حکم | فیصلہ کئے دیتا ہے | تمہارے درمیان |
| وَاللّٰهُ | عَلِيۡمٌ | حَكِيۡمٌ | | |
| اور اللہ | جاننے والا | حکمت والا | | |

مومنو! جب تمہارے پاس مومن عورتیں وطن چھوڑ کر آئیں تو ان کی آزمائش کرلو۔ (اور) خدا تو ان کے ایمان کو خوب جانتا ہے۔ سو اگر تم کو معلوم ہو کہ مومن ہیں تو ان کو کفار کے پاس واپس نہ بھیجو۔ کہ نہ یہ ان کو حلال ہیں اور نہ وہ ان کو جائز۔ اور جو کچھ انہوں نے (ان پر) خرچ کیا ہو وہ ان کو دے دو۔ اور تم پر کچھ گناہ نہیں کہ ان عورتوں کو مہر دے کر ان سے نکاح کرلو اور کافر عورتوں کی ناموس کو قبضے میں نہ رکھو (یعنی کفار کو واپس دے دو) اور جو کچھ تم نے ان پر خرچ کیا ہو تم ان سے طلب کرلو اور جو کچھ انہوں نے (اپنی عورتوں پر) خرچ کیا ہو وہ تم سے طلب کرلیں۔ یہ خدا کا حکم ہے جو تم میں فیصلہ کئے دیتا ہے اور خدا جاننے والا حکمت والا ہے۔

وَاِنۡ فَاتَكُمۡ شَىۡءٌ مِّنۡ اَزۡوَاجِكُمۡ اِلَى الۡكُفَّارِ فَعَاقَبۡتُمۡ فَاٰتُوا الَّذِيۡنَ ذَهَبَتۡ
اَزۡوَاجُهُمۡ مِّثۡلَ مَاۤ اَنۡفَقُوۡا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىۡۤ اَنۡتُمۡ بِهٖ مُؤۡمِنُوۡنَ ۝۱۱

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَاِنۡ | فَاتَكُمۡ | شَىۡءٌ | مِّنۡ | اَزۡوَاجِكُمۡ |
| اور اگر | تمہارے ہاتھ سے نکل جائے | کوئی | سے | تمہاری بیویاں |
| اِلَى الۡكُفَّارِ | فَعَاقَبۡتُمۡ | فَاٰتُوا | الَّذِيۡنَ | ذَهَبَتۡ |
| کفار کی طرف | تو ان کو سزا دو | پس دو | انکو جن کی | چلی گئی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَزْوَاجُهُمْ | مِّثْلَ | مَآ اَنْفَقُوْا | وَاتَّقُوا اللّٰهَ | الَّذِیْٓ |
| ان کی عورتیں | اس قدر | جو انہوں نے خرچ کیا | اور خدا سے ڈرو | وہ جس |
| اَنْتُمْ | بِهٖ | مُؤْمِنُوْنَ | | |
| تم | اس پر | ایمان لائے ہو | | |

اور اگر تمہاری عورتوں میں سے کوئی عورت تمہارے ہاتھ سے نکل کر کافروں کے پاس چلی جائے (اور اس کا مہر وصول نہ ہوا ہو) پھر تم ان سے جنگ کرو (اور ان سے تم کو غنیمت ہاتھ لگے) تو جن کی عورتیں چلی گئی ہیں ان کو (اس مال میں سے) اتنا دے دو جتنا انہوں نے خرچ کیا تھا اور خدا سے جس پر تم ایمان لائے ہو ڈرو۔

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ یُبَایِعْنَكَ عَلٰٓی اَنْ لَّا یُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ
شَیْـًٔا وَّلَا یَسْرِقْنَ وَلَا یَزْنِیْنَ وَلَا یَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا یَاْتِیْنَ بِبُهْتَانٍ
یَّفْتَرِیْنَهٗ بَیْنَ اَیْدِیْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا یَعْصِیْنَكَ فِیْ مَعْرُوْفٍ فَبَایِعْهُنَّ
وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۲﴾

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ | اِذَا | جَآءَكَ | الْمُؤْمِنٰتُ | یُبَایِعْنَكَ |
| اے پیغمبر ﷺ | جب | تمہارے پاس آئیں | مومن عورتیں | آپ سے بیعت کرنے کو |
| عَلٰٓی اَنْ | لَّا یُشْرِكْنَ | بِاللّٰهِ | شَیْـًٔا | وَّلَا یَسْرِقْنَ |
| اس پر کہ | وہ شریک نہ کریں گی | خدا کے ساتھ | کسی چیز کو | اور نہ چوری کریں گی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَلَا يَزْنِيْنَ | وَلَا يَقْتُلْنَ | اَوْلَادَهُنَّ | وَلَا يَأْتِيْنَ | بِبُهْتَانٍ |
| اور نہ بدکاری کریں گی | اور نہ قتل کریں گی | اپنی اولاد | اور نہ لائیں گی | بہتان سے |
| يَفْتَرِيْنَهٗ | بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ | وَاَرْجُلِهِنَّ | وَلَا يَعْصِيْنَكَ | فِيْ مَعْرُوْفٍ |
| جو انہوں نے باندھا ہو | اپنے ہاتھوں کے درمیان | اور اپنے پاؤں | اور نہ آپ کی نافرمانی کریں گی | نیک کاموں میں |
| فَبَايِعْهُنَّ | وَاسْتَغْفِرْ | لَهُنَّ | اللّٰهَ | اِنَّ اللّٰهَ |
| تو آپ ان سے بیعت لے لیں | اور بخشش مانگو | ان کے لئے | اللہ | بے شک اللہ |
| غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | | | |
| بخشنے والا | رحم کرنے والا | | | |

اے پیغمبر! جب تمہارے پاس مومن عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کو آئیں کہ خدا کے ساتھ نہ شرک کریں گی نہ چوری کریں گی نہ بدکاری کریں گی نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی نہ اپنے ہاتھ پاؤں میں کوئی بہتان باندھ لائیں گی اور نہ نیک کاموں میں تمہاری نافرمانی کریں گی تو ان سے بیعت لے لو اور ان کے لئے خدا سے بخشش مانگو۔ بے شک خدا بخشنے والا مہربان ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْآخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَا أَيُّهَا | الَّذِينَ آمَنُوا | لَا تَتَوَلَّوْا | قَوْمًا | غَضِبَ اللّٰهُ |
| اے | ایمان والو | تم دوستی نہ کرو | وہ لوگ | اللہ نے غضب کیا |
| عَلَيْهِمْ | قَدْ يَئِسُوا | مِنَ | الْآخِرَةِ | كَمَا |
| ان پر | وہ ناامید ہو چکے | سے | آخرت | جیسے |
| يَئِسَ | الْكُفَّارُ | مِنْ | أَصْحَابِ الْقُبُورِ | |
| مایوس ہیں | کافر (جمع) | سے | قبروں والوں (مردوں) | |

مومنو! ان لوگوں سے جن پر خدا غصے ہوا ہے دوستی نہ کرو (کیونکہ) جس طرح کافروں کو مردوں (کے جی اُٹھنے) کی امید نہیں اسی طرح ان لوگوں کو بھی آخرت (کے آنے) کی امید نہیں۔

## اَلْكَلِمَاتُ وَالتَّرَاكِيْبُ (مشکل الفاظ کے معنی)

| | |
|---|---|
| عَادَيْتُمْ | تم نے دشمنی مول لی۔ |
| اَنْ تَبَرُّوْ | کہ تم نیکی (بھلائی) کرو۔ |
| ظٰهَرُوْا | انہوں نے ایک دوسرے کی مدد کی۔ |
| فَامْتَحِنُوْهُنَّ | تم ان کی آزمائش کرلو۔ |
| حِلٌّ | حلال۔ |
| عِصَمِ | عزت وناموس۔ |
| الْكَوَافِرِ | کافر عورتیں۔ |
| فَعَاقَبْتُمْ | پھر تمہاری نوبت آئے۔ |